Learn·Run·Vote
2023 Education Council Elections

مہم چلانے کے رہنما خطوط

کرنے کے کام

یہ کریں (معلومات) تقسیم کرنے کی فہرستیں بنائیں تاکہ آپ آسانی سے مہم کا مواد ممکنہ ووٹرز کے گروہوں کو ای میل، سوشل میڈیا اور ڈاک کے ذریعے بھیج سکیں۔

یہ کریں ایک خاص ای میل پتہ بنائیں جو آسانی سے آپ کی مہم کے ابلاغ کی نشاندہی کر سکے (مثلاً JohnDoe4CECXX@gmail.com)

یہ کریں اپنے ذاتی سوشل میڈیا اکاونٹس، بلاگز یا ویب سائٹس کو اپنی امیدواری کو فروغ دینے کے لیے استعمال کریں۔

یہ کریں مقالے، آوپ-ایڈز، یا بلاگز لکھیں جو تعلیمی مسائل کے بارے میں آپ کے خیالات اور معلومات کو فروغ دینے میں مدد دے سکے۔

یہ کریں اپنے دوستوں اور اہل خانہ کو آپ کی مہم چلانے میں رضاکارانہ طور پر مدد کرنے کی اجازت دیں۔

یہ کریں ایسی ورچوئل ملاقاتوں اور تقریبات میں شرکت اور میزبانی کریں جہاں آپ کو اپنے خیالات کو عام کرنے دیا جائے اور ممکنہ ووٹرز کو آپ سے سوالات کرنے کا موقع مل سکے۔

یہ کریں فلائرز اور دیگر مہم کے مواد کو اپنے محلے، کمیونٹی اجلاسوں، اسکول کے قریب (محکمئہ تعلیم کے املاک پر نہیں)، پارکوں یا دیگر عوامی مقامات پر جہاں آپ ممکنہ ووٹرز تلاش کر سکتے ہیں، تقسیم کریں۔

یہ کریں غیر محکمئہ تعلیم کی عوامی یا نجی فورمز میں جیسے کمیونٹی بورڈ اجلاس، کمیونٹی پریسنکٹ اجلاسوں اور دیگر تقریبات میں اپنی امیدواری کو فروغ دیں۔

یہ کریں مہم کے مواد کو محکمئہ تعلیم کے مہیا کردہ مہم تقریبات، جیسے امیدوار فورم میں لائیں اور دکھائیں۔

یہ کریں اپنی مہم پر خرچ کی گئی رقم کا ایک ریکارڈ (مثلاً رسیدیں یا بِل) رکھیں۔

NYC Public Schools

یہ نہ کریں

یہ رہنما خطوط عام طور پر چانسلر کے ضابطے D-130 کی دفعات کی عکاسی کرتے ہیں، جو امیدواروں کا محکمئہ تعلیم کی عمارات اور وسائل کو دفتر کے لیے استعمال کرنے کے احکامات دیتا ہے۔

یہ نہ کریں محکمئہ تعلیم کے کسی ملازم یا DOE میں موجودہ یا سابقہ قائدانہ عہدے کے ذریعے حاصل کردہ رابطہ معلومات یا اعلانات کی تقسیم کی فہرست استعمال نہ کریں۔

یہ نہ کریں DOE کی اعانت کردہ ورچوئل جگہوں (مثلاً، PA/PTA، صدور کی کونسل، SLT، زمرہ I CPAC، DPAC، PAC اور CCEC اجلاس) پر پس منظر اشتہارات یا ایسا دیگر مواد نہ دکھائیں یا مہم (کیمپین) نہ چلائیں جس سے آپ کی بحیثیت ایک امیدوار کے نشاندہی ہوتی ہو ماسوائے DOE کے تعین کردہ امیدوار کے فورم پر، بشمول والدین تنظیموں کے ان اجلاسوں کے جس میں تمام امیدواروں کو مدعو کیا گیا ہو۔

یہ نہ کریں اسکول یا DOE کے سازوسامان یا وسائل کو مہم کے مواد کو بنانے یا تقسیم کرنے کے لیے استعمال نہ کریں۔

یہ نہ کریں اسکول یا DOE کے املاک پر اپنے مہم کے مواد کو چسپاں یا تقسیم نہ کریں بشمول PA/PTA یا کسی اور کو مواد کو ڈاک میں بھیجنے کے۔

یہ نہ کریں والدین تنظیموں کے باضابطہ محکمئہ تعلیم ای میل پتوں پر مہم کے مواد ارسال نہ کریں۔

یہ نہ کریں DOE کے اعانت کردہ والدین تنظیم (مثلاً PA/PTA، صدور کونسل، SLT، زمرہ I CPAC DPAC، PAC اور CCECs) کے سوشل میڈیا اکاونٹس پر خود یا کسی اور کو مہم کے مواد کو شائع کرنے کا نہ کہیں۔

یہ نہ کریں کسی DOE کے ملازم یا CCEC انتظامی معاون کو مہم کے مواد کو آپ کی جانب سے تقسیم کرنے کا نہ کہیں۔

یہ نہ کریں دیگر امیدواروں کے ساتھ مہم کے مواد کا اشتراک نہ کریں بشمول، مشترکہ سرگرمی کی منصوبہ بندی، مہم کے مشترکہ مواد کی تیاری یا دیگر امیدواروں کے لیے عطیات یا خدمات فراہم کرنے کے۔

یہ نہ کریں اپنی مہم میں 500$ سے زیادہ رقم خرچ نہ کریں۔

یہ نہ کریں کسی فرد یا تنظیم سے مہم کے لیے پیسے دینے یا عطیات دینے کی التماس نہ کریں یا ان کو قبول نہ کریں بشمول ان خدمات کے جیسے فون بینکنگ یا اشتہارات دینا۔

یہ نہ کریں کسی سیاسی جماعتوں اور جماعت کے عہدیداروں یا منتخب کردہ افسران سے سفارش کی التماس نہ کریں یا ان کو قبول نہ کریں بشمول موجودہ کمیونٹی یا شہر پیما تعلیمی کونسل کے اراکین کے۔